# لوگو! سلام عام کرو، کھانا کھلاؤ، صلہ رحمی کرو اور رات میں جب لوگ سوئے ہوئے ہوں تو نماز پڑھو، سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہو جاؤگے

عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں : جب اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم مدینہ تشریف لائے، تو لوگ آپ کی جانب دوڑ پڑے ہر طرف شور تھا کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم تشریف لا چکے ہیں، اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم تشریف لا چکے ہیں، اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم تشریف لا چکے ہیں۔ یہ جملہ انھوں نے تین بار دوہرایا۔ دیکھنے کے لیے میں بھی لوگوں کی بھیڑ میں داخل ہوا۔ جب دھیان سے آپ کا چہرہ دیکھا تو میرے لیے یہ حقیقت عیاں ہو گئی کہ یہ کسی جھوٹے کا چہرہ نہیں ہو سکتا۔ اس دوران میں نے آپ کو جو پہلی بات کہتے ہوئے سنی، وہ یہ تھی : "لوگو! سلام عام کرو، کھانا کھلاؤ، صلہ رحمی کرو اور رات میں جب لوگ سوئے ہوئے ہوں تو نماز پڑھو، سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہو جاؤگے"

[صحيح] [رواه الترمذي وابن ماجه وأحمد]

جب اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم مدینہ تشریف لائے اور لوگوں نے آپ کو دیکھا، تو آپ کی طرف دوڑ پڑے آپ کی طرف دوڑ کر جانے والوں میں عبداللہ بن سلام بھی شامل تھے وہ یہودی تھے آپ کو دیکھ کر انھوں نے پہچان لیا کہ یہ کسی جھوٹے کا چہرہ نہیں ہے کیوں کہ اس سے نور، جمال اور سچی ہیبت آشکارا تھی اس دوران انھوں نے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم سے جو پہلی بات سنی، وہ یہ تھی کہ آپ نے لوگوں کو کچھ ایسے اعمال کی ترغیب دی، جو دخول جنت کا سبب ہیں جیسے: 1- سلام عام کرنا اور بہت زیادہ سلام کرنا جان پہچان والے کو بھی اور ان جان کو بھی 2- کھانا کھلانا شکل صدقہ کی ہو، ہدیہ کی ہو یا ضیافت کی ہو 3- رشتے داروں کے ساتھ صلہ رحمی کرنا رشتے داری والد کی جانب کی ہو یا والدہ کی جانب کی 4- رات کے وقت، جب لوگ سو رہے ہوں، جاگ کر نفل نماز پڑھنا

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/5520